# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

## ﴿ نوٹیفکیشن ﴾

مراسلہ نمبر 546۔رجسٹریشن        مورخہ: 21 اگست 2025ء

(برائے پرائیویٹ امیدواران)

**عنوان: آن لائن پری رجسٹریشن شیڈول برائے پرائیویٹ امیدواران انٹرمیڈیٹ (پارٹ I-II کمپوزٹ) اور علوم شرقیہ (دوسرا سالانہ) امتحان 2025**

تمام پرائیویٹ امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ لاہور بورڈ کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ (پارٹ I-II کمپوزٹ) اور علوم شرقیہ دوسرا سالانہ امتحان 2025 میں پہلی مرتبہ شرکت کرنے کے خواہشمند امیدواران کے لئے آن لائن پری رجسٹریشن کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے جس میں رجسٹریشن فیس مبلغ -/1150 روپے، پروسیسنگ فیس مبلغ -/870 روپے ٹوٹل فیس -/2020 روپے فی امیدوار مقرر کی گئی ہے۔

| | |
|---|---|
| **شیڈول** | پرائیویٹ امیدواران بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود آن لائن رجسٹریشن فارم مکمل کر کے ہارڈ کاپی حاصل کرنے کے بعد کسی بھی HBL بینک میں مقررہ فیس درج ذیل تواریخ تک جمع کرواسکتے ہیں فیس جمع کروانے کے بعد امیدوار (Candidate Copy) اپنے پاس محفوظ رکھیں مزید رہنمائی کے لئے بورڈ کی ویب سائٹ پر دی گئی تفصیلی ہدایات ملاحظہ فرمائیں۔ |
| رجسٹریشن فیس مبلغ -/1150 روپے، پروسیسنگ فیس مبلغ -/870 روپے (ٹوٹل فیس مبلغ -/2020 روپے) کے ساتھ رجسٹریشن کروانے کی تواریخ | **مورخہ یکم ستمبر 2025ء**<br>**تا**<br>انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ امتحان 2025 کے داخلہ فارموں کی وصولی کے جاری کردہ شیڈول کی تین گنا فیس (Tripple Fee) کی آخری تاریخ تک جاری رہے گی۔ |

## ﴿ ہدایات ﴾

درج بالا شیڈول کے بعد کسی پرائیویٹ امیدوار کو رجسٹریشن کی اجازت نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن فیس درج بالا شیڈول کے اندر (HBL) کی کسی بھی برانچ میں جمع کروانے کے بعد بینک کی طرف سے واپس کی گئی (Candidate Copy) کو اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ واضح رہے کہ اگر طلباء/طالبات اس سے قبل انٹرمیڈیٹ امتحان میں شرکت کر چکے ہوں یا رجسٹریشن کروانے کے بعد امتحان میں شرکت نہ کی ہو تو دوبارہ رجسٹریشن کی ہرگز ضرورت نہ ہے۔ رجسٹریشن کے کوائف کا اندراج سیکنڈری سکول رزلٹ کارڈ/سرٹیفکیٹ کے مطابق کریں نیز والد/والدہ کا درست شناختی کارڈ نمبر اور طالب علم/طالبہ کا (ب) فارم نمبر لازمی تحریر کریں۔

**کوائف درستگی کا طریقہ کار:** رجسٹریشن فارم آن لائن کرتے وقت درست کوائف کا اندراج کریں غلط کوائف کی درستگی امتحانی داخلہ فارم جمع کروانے کے بعد بورڈ کے مجوزہ قانون کے تحت فیس کی ادائیگی پر کی جائے گی۔ **رجسٹریشن نمبر کے حصول کا طریقہ کار:** طلباء/طالبات رجسٹریشن نمبر (ب) فارم نمبر/فارم نمبر کے تحت بورڈ کی ویب سائٹ (www.biselahore.com) سے Search کر سکتے ہیں۔ امتحان میں شرکت کے لیے امتحانی داخلہ فارم شیڈول کے مطابق علیحدہ جمع ہوگا جس کا شیڈول بعد ازاں جاری کیا جائے گا۔ داخلہ فارم آن لائن کرنے کے لیے رجسٹریشن نمبر کا حصول ضروری ہے۔ رجسٹریشن کے سلسلہ میں دفتری قوائد وضوابط و شرائط لاگو ہوں گی۔

**نوٹ: دیگر بورڈ سے آنے والے طلباء/طالبات N.O.C، رزلٹ کارڈ و دیگر دستاویزات جن کا تعلق امیدواران کی اہلیت سے ہوگا امتحانی داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کرنے کے پابند ہوں گے۔ مذکورہ طلباء/طالبات آن لائن رجسٹریشن کے لیے (other Boards) کیٹگری کالم کا استعمال کریں۔ (Other Boards) کیٹگری کے تحت انٹرمیڈیٹ پارٹ I&II (Composite) میں رجسٹریشن کروانے والے امیدواران پر دفتری قوائد وضوابط و شرائط لاگو ہوں گی۔ مزید رہنمائی کے لیے بورڈ ہذا کی رجسٹریشن برانچ کمرہ نمبر 110 میں رابطہ فرمائیں۔**

رضوان نذیر
سیکرٹری